بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ
बिहार राज्य मदरसा शिक्षा बोर्ड,पटना
Bihar State Madrasa Education Board

5,Vidyapati Marg Patna-800001

درجہ فوقانیہ ومولوی امتحانات 2023 کیلئے رجسٹریشن 5 ستمبر 2022 سے

پٹنہ 03 ستمبر 2022۔

محمد سعید انصاری، سکریٹری بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ نے پریس بیان جاری کر اطلاع دی ہے کہ درجہ فوقانیہ اور مولوی امتحانات 2023 کے لئے آن لائن رجسٹریشن کا آغاز 05 ستمبر سے ہوگا اور اس کی آخری تاریخ 30 ستمبر مقرر کی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ سال 2023 کے امتحان فارم بھرنے کے طریقہ کار میں تبدیلی کی گئی ہے جس کے مطابق مدارس کے صدرالمدرسین کو دفتر کے ذریعہ User ID Password آن لائن موصول کرایا جا چکا ہے۔اب صدر مدرسین ہی طلبا وطالبات کا رجسٹریشن Madrasa Dashboard میں موجود لنک Registration 2023 پر کلک کر کے آن لائن کریں گے۔جس کیلئے رجسٹریشن فیس فی امیدوار 200 روپے مقرر ہے جو آن لائن ہی ادا کی جائے گی۔ساتھ ہی آزاد امیدوار کو مطلع کیا جاتا ہے کہ رجسٹریشن سے قبل Private Permission Form دیئے گئے لنک Pvt.Permission 2023 پر کلک کر کے بھریں گے جس کیلئے 500 روپے فیس ادا کرنی ہوگی اس کے بعد ہی آن لائن رجسٹریشن کریں گے۔

وہیں سعید انصاری نے طلباء وطالبات کو خصوصی طور پر ہدایت دی ہے کہ وہ لازمی طور پر Candidate Registration Application Form بورڈ کے ویب سائٹ https://bsmeb.org سے Download کر طلب کی گئی سبھی جانکاری کو صحیح صحیح بھر کر مدرسہ کے صدر مدرس کو جلد سے جلد دستیاب کرائیں تاکہ صدر مدرسین آپ کا رجسٹریشن کر سکیں۔واضح ہو کہ اس فارم میں ریگولر امیدوار کا کالم اور آزاد امیدوار کا کالم درج ہے جو ریگولر ہوں گے وہ ریگولر پر (✓) کریں گے اور جو آزاد امیدوار ہوں گے وہ آزاد امیدوار کے کالم میں (✓) کریں گے۔

واضح ہو کہ طلباء وطالبات خود سے اپنا رجسٹریشن نہیں کر سکتے ہیں، ساتھ ہی انہوں نے بتایا کہ جن طلباء وطالبات نے درجہ فوقانیہ اور مولوی کا رجسٹریشن قبل میں کرلیا ہے انہیں دوبارہ رجسٹریشن کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔جو طلبا وطالبات رجسٹریشن نہیں کرا پائیں گے انہیں سال 2023 کا امتحان فارم بھرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔فوقانیہ اور مولوی معیار کے صدر مدرسین لازمی طور پر مورخہ۔05 ستمبر 2022 سے مورخہ۔30.09.2022 تک لازمی طور پر طلباء وطالبات کے رجسٹریشن کا کام انجام دیں۔واضح ہو کہ 30 ستمبر 2022 کے بعد کسی بھی امیدوار کا فارم قابل قبول نہیں ہوگا۔

محمد سعید انصاری (بی ای ایس)

سکریٹری

بہاراسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ